© rasailojaraid.com

# مطبوعات

تحقیق قربانی | تالیف مولانا عبدالنبی کوکب ناشر- مکتبہ ابناء الاسلام ۱۹ چیمبرلین روڈ لاہور قیمت مجلد دو روپے - صفحات ۱۹۸ -

منکرینِ حدیث نے مسلمانوں کو جن مختلف مسائل پر الجھایا ہے اُن میں ایک قربانی بھی ہے۔ مسلمان چودہ سو برس سے اس سنتِ ابراہیمی کو مسلسل ادا کرتے چلے آرہے ہیں اور آج سے پیشتر کوئی ایک زبان بھی اس کے خلاف نہیں کھلی یہ ہمارے اس عہد کی خوبی ہے کہ کچھ لوگوں نے اب اس کے خلاف نہایت مکروہ قسم کا پروپیگنڈا شروع کیا ہے اور اسے دین سے خارج کرنے کی مذموم کوشش کی ہے مقامِ شکر ہے کہ علمائے حق نے اپنی عظیم الشان روایات کے مطابق دوسرے اہم مسائل کی طرح اس پر بھی پوری پوری توجہ صرف کی ہے چنانچہ اسی موضوع پر گذشتہ تین چار سالوں میں کئی ایک رسالے اور کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی نوع کی ایک کامیاب کوشش ہے بلکہ بعض اعتبار سے تو یہ اُن سب کُتب پر فوقیت رکھتی ہے۔ فاضل مصنف نے عقلی اور نقلی دلائل سے معترضین کی خام خیالیوں کو واضح کیا ہے اور بتا دیا ہے کہ ان لوگوں کے ذہنوں میں سوائے مغرب کی مرعوبیت کے اور کوئی چیز نہیں۔ انھوں نے مسئلہ قربانی کے ہر پہلو کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ مولانا کوکب نے آغاز میں جن احساسات کا اظہار کیا ہے وہ ایک صحیح طرزِ فکر کے آئینہ دار ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

"دین کی کسی عبادت میں انفرادی طور پر بعض مسلمانوں سے غفلت اور سستی کا واقع ہو جانا ایک الگ امر ہے لیکن اجتماعی طور پر مسلمانوں کا دین کی کسی حقیقت سے انکار کر جانا ایک بالکل دوسری بات ہے ظاہر ہے کہ پوری قوم کا شریعت کی ایک چھوٹی سی بات سے منحرف ہو جانا دنیا کی قوموں کو اس بات کا ثبوت بہم پہنچانا ہے کہ مسلمان بھی کھلم کھلا اپنے دین میں تحریف و تصرف کرتے ہیں . . . . جب ایک دفعہ یہ اصول بن گیا کہ بندے

© rasailojaraid.com